ہوتی ہے۔ بڑے سے بڑا ذمہ دار شخص سے لے کر ادنیٰ کارکن تک خواہ ان کا تعلق حکومت سے ہو یا رعایا سے ہو یا اداروں سے، تعلیم سے ہو یا تنظیم سے، سب کے لئے یکساں طور پر نافع و دلکش اور دلآویز تحفہ ہے جو ہر لحاظ سے قابل قدر ہے اور اب بڑی شدت سے اس کی جلد ثانی کا انتظار کر رہے ہیں۔ (عبدالقیوم حقانی)

حضرت ابوسفیانؓ اور ان کی اہلیہ۔ تصنیف۔ مولانا محمد نافع صاحب۔ صفحات ۸۰، قیمت درج نہیں۔ پتہ۔ ملک بکس ۵۔ بخشی سٹریٹ، متصل چوک اردو بازار۔ لاہور

کتاب کا موضوع جیسا کہ نام سے ظاہر ہے۔ حضرت ابوسفیان اور ان کی اہلیہ ہے۔ موضوع اہم ہے اور اس کا مواد تاریخ کے اوراق میں منتشر ہے۔ تاریخ کا بیان نہ تو قطعی حجت ہے اور نہ اسے آخری بات قرار دیا جا سکتا ہے۔ نیز تاریخ کے بیانات متضاد ہیں۔ مولانا محمد نافع صاحب ہدیۂ تبریک کے مستحق ہیں جنہوں نے اس نازک اور اہم موضوع پر قلم اٹھایا اور افراط و تفریط سے محفوظ رہے جس کے دل میں حضرات صحابہ کی عظمت اور محبت ہوگی۔ اسے اس کتاب کی اہمیت و ضرورت اور اس کی اشاعت و مطالعہ اور افادہ و استفادہ کا احساس ہو سکے گا۔ مصنف کو اللہ تعالیٰ نے اس موضوع سے بڑا شغف اور صحابہ کرام کے دفاع کا پاکیزہ جذبہ وافر مقدار میں دیا ہے۔

کتابت کی غلطیاں بہت زیادہ ہیں امید ہے کہ آئندہ ایڈیشن سے اس کا ازالہ کر دیا جائے گا۔ (عبدالقیوم حقانی)

احکام عید الفطر۔ تالیف سید ابو معاویہ ابوذر حسنی بخاری۔ صفحات ۴۲ قیمت ۵ روپے۔ پتہ۔ مکتبہ معاویہ۔ ۲۳۲۔ کوٹ تغلق شاہ۔ ملتان شہر

علامہ سید ابو معاویہ ابوذر بخاری ابن امیر شریعت بخاریؒ نے بڑی دیدہ وری اور محنت سے عید الفطر کے تمام مسائل ———— اور ضمناً عید الاضحیٰ کے احکام و مسائل کی بھی مستند مدلل اور مفصل تشریح فرمائی ہے۔ طرز تحریر دلچسپ اور انوکھا، آسان اتنا کہ ہر معمولی لکھا پڑھا انسان فائدہ اٹھا سکے۔ کتابت دلکش اور دل آویز جس میں سید ابو معاویہ کی اپنی راہ ہے۔ جو بے حد نرالی ہے۔ (عبدالقیوم حقانی)

معیار محبت | از حافظ محمد ظہور الحق ظہور۔ قیمت ۵/۵۰ ناشر کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار۔ راولپنڈی۔

یہ کتابچہ چار اہم مضامین پر مشتمل ہے: تاجدار نبوت، ذکر رسولؐ اور رسمی محفل میلاد، مسئلہ نذر و نیاز۔ شرک اور اس کی حقیقت۔ مضامین دلچسپ، اثر انگیز، اور تحریر ادیبانہ ہے۔ اہل ذوق کے تسکین قلب کا بہترین سامان۔ صفحات ۹۶ اور قیمت واجبی ہے۔

(عبدالقیوم حقانی)